آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 27 | 23 ربیع الثانی 1448 منگل 06 اکتوبر 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 177

پاک پولینڈ تمام شعبوں میں اپنے تعلقات کو مزید مستحکم کرینگے — شہباز شریف

وزیراعظم شہباز شریف سے پولینڈ کے وزیر، کونسل آف منسٹرز کے رکن اور کوآرڈینیٹر برائے خصوصی خدمات ٹوماش شیمونیاک کی ملاقات

دونوں ممالک کے درمیان حالیہ روابط کا جائزہ اور دوطرفہ تعلقات کے فروغ کے لیے اعلیٰ سطحی قیادت کے تبادلوں کی اہمیت پر زور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پولینڈ کے وزیر، کونسل آف منسٹرز کے رکن اور کوآرڈینیٹر برائے خصوصی خدمات ٹوماش شیمونیاک نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، تجارت، کاروباری روابط اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور پولینڈ کے تعلقات ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

وزیراعظم کو وزیر داخلہ نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر بریفنگ دی

وزیراعظم اور صدر مملکت کی آج ملاقات، خیبر پختونخوا کی صورتحال پر مشاورت کریں گے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس

عمران خان کو پیش کرنے کا حکم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

ایم کیو ایم مرکز تصادم و فائرنگ کیس، 2 ملزمان کی ضمانت منظور

عدالت نے اظہر عرف لمبا اور ذیشان کو 25، 25 ہزار روپے کے مچلکوں پر رہا کرنے کا حکم دے دیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے جمہوریہ پولینڈ کی اسپیشل سروسز کے کوآرڈینیٹر منسٹر کونسل کے ممبر منسٹر ٹامس سیمونیک ملاقات کررہے ہیں

سعودی عرب کے دفاع کیلئے ملکہ اتحاد کا بڑا فیصلہ

فریقین کا ضروری فوجی قوت اور دفاعی صلاحیتیں سعودی عرب منتقل کرنے کا فیصلہ

سعودی عرب کو درپیش سیکیورٹی صورتحال اور خطرات سے نمٹنے کے لیے ہنگامی اجلاس ہوا جس میں سعودی عرب، پاکستان اور جمہوریہ ترکیہ کے حکام نے شرکت کی

فریقین نے سعودی عرب کی سلامتی اور علاقائی سالمیت کیخلاف کسی بھی حملے یا خطرے کو دوٹوک انداز میں مسترد کرنے کے دفاع کے عزم کا اعادہ کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

10 سال سرکاری قرضوں میں 340 فیصد اضافہ

جون 2026 تک مجموعی حجم 86 ہزار 700 ارب روپے ہوگیا، 10 سال میں 67 ہزار ارب روپے کا اضافہ ہوگیا

59 ہزار 400 ارب روپے مقامی جبکہ 27 ہزار 300 ارب روپے غیرملکی سرکاری قرضہ شامل ہے، وزارت خزانہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



اسلام آباد، پارلیمانی سیکریٹری اطلاعات دانیال چوہدری اختیار ولی خان کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

طاقتوروں کو ایبسلوٹلی ناٹ کہہ دیا — سہیل آفریدی

آپ کے علم میں ہونا چاہیے ہم پر دہشت گردی مسلط کی گئی یہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کی گئی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

شہید فوجی ہمارے وجود کا حصہ ہیں مگر غلط پالیسی کے باغی ہیں، صوابی میں اگلا لائحہ عمل دوں گا، لانگ مارچ سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



کرک، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی جلیل چوک کے مقام پر لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

13 سال حکمرانی KP کے وسائل کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا گیا — خواجہ آصف

سوشل میڈیا پر آپ کے قومی و صوبائی ممبران ایک دوسرے پر کھل کر کروڑوں اربوں لوٹنے کے الزام لگاتے ہیں، وزیر دفاع

ایک خاتون MNA کھل کر میڈیا پر بیرون ملک سے آنے والے کروڑوں روپے کے پارٹی فنڈ خوربرد کرنے کا الزام لگاتی ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28



اسلام کوٹ، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو تھر بلاک ٹو کے فیز 3 بارے بریفنگ دی جارہی ہے

جعلی کمپنیوں کے نام پر اربوں روپے کے فراڈ کا انکشاف

کاغذی کمپنیوں کے ذریعے 3 ارب 26 کروڑ 90 لاکھ روپے مالیت کے 71 ہزار 815 انٹرنیٹ راؤٹرز کی غیرقانونی درآمد

مالیاتی فراڈ، غیرقانونی درآمدات، کم مالیت ظاہر کرنے اور تجارتی بنیادوں پر منی لانڈرنگ میں ملوث ہونے کی نشاندہی کی گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

مخالف پولیس مقابلے ایک ڈاکو ہلاک، 5 زخمی حالت میں گرفتار

احمد گوٹھ، ایف بی ایریا، نارتھ ناظم آباد اور جمشید ڈویژن میں کارروائیاں، اسلحہ، نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکلیں برآمد کرلی

ایف بی ایریا بلاک 12 میں ندی کنارے ماما ہوٹل کے قریب مبینہ مقابلے میں اسلم ولد گل محمد کو زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32



مسقط، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو یو این ہیبی ٹیٹ اسکرول آف آنر ایوارڈ وصول کرنے کے بعد تالیوں کا جواب دے رہی ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو عالمی اعزاز سے نواز دیا گیا

"اپنی چھت، اپنا گھر" منصوبے کی کامیابی پر یو این ہیبی ٹیٹ اسکرول آف آنر ایوارڈ سے نوازا گیا

پروگرام کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر انا کلوڈیا روزباخ نے وزیراعلیٰ پنجاب اور دیگر شرکاء کا خیر مقدم کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

تفتیشی حکام کو میر رضا کے بینک اکاؤنٹ تک رسائی

جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی نے حتمی چالان جمع کروانے کے لیے مزید مہلت بھی دے دی

دیکھنا چاہتے ہیں پیسے کی لین دین کہاں اور کس کو ہوتی رہی ہے، تفتیشی حکام کا موقف

تفتیشی افسر عبوری چالان جمع کرواچکے ہیں جس میں کسی کو بھی ملزم نامزد نہیں کیا گیا تھا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

میر رضا کیس میں تفتیشی افسر کے بیان سے قبل سربراہ جوڈیشل کمیشن

جسٹس عمر سیال کا جائے وقوعہ کا دورہ

جنوبی بلوچستان میں 15 آپریشنز کے دوران 435 غیرقانونی افغان باشندے گرفتار کرلئے گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

کراچی میں پولیس اہلکار بھی ڈاکوؤں کے نشانے پر

ایک انسپکٹر زخمی، بچل میں ڈکیتی مزاحمت پر پولیس انسپکٹر کو گولی ماردی گئی

کورنگی میں اہلکار سے وردی، نقدی اور موبائل فون چھین لیا گیا، ملزم فرار

واقعے کے بعد پولیس نے ملزمان کی تلاش کیلئے کارروائیاں شروع کردی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33



کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی ٹاول مینوفیکچررز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے عشائیے سے بطور مہمان خصوصی خطاب کررہے ہیں



لاہور، پولیس اہلکار اور شہری ٹرین کے دروازے میں کھڑے ہوکر خطرناک طریقے سے سفر کررہے ہیں

صرف اعداد و شمار نہیں پائیداری رپورٹس میں حقیقت ہونی چاہئے — شیری رحمٰن

بات صرف ماحولیات تک محدود نہیں ہے بلکہ سیاست اور قانون کو بھی ساتھ دیکھنا ہوگا، نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی

آزادانہ تصدیق و نگرانی کا مؤثر نظام ہونا چاہیے، کمپنیوں کو پائیداری کیلئے ترغیبات دی جائیں، تقریب سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

کلفٹن میں رکشہ کی ٹکر سے 80 سالہ خاتون جاں بحق

ضیاء الدین اسپتال کے قریب حادثہ، شناخت نہ ہونے پر لاش سرد خانے منتقل کردی گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

گلشن حدید میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

اسٹیل ٹاؤن پولیس کی کارروائی، گرفتار ملزم سے پستول، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد، ساتھی فرار

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

کراچی میں پولیس حراست سے 29 افراد بازیاب

سی آئی اے، ایس آئی یو اور اے وی سی سی کوئی قانونی دستاویزات پیش نہیں کرسکے

خاتون کو مردوں کے ساتھ ہی رکھا ہوا تھا اور کوئی لیڈی پولیس اہلکار نہیں تھی، مجسٹریٹ

کورنگی میں نامعلوم سمت سے گولی لگنے سے 24 سالہ خاتون زخمی

عدالت میں پولیس پر نقدی و زیورات لے جانے کا الزام

افغان شہریوں کے شناختی کارڈ چیک کرنے کے نام پر ہراساں کرنے کا الزام

ہائیکورٹ، ڈی جی رینجرز، آئی جی سندھ اور دیگر سے 26 نومبر تک رپورٹ طلب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

نیو سبزی منڈی، ہوٹل میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق

انمول عرف پنکی کیخلاف منشیات کیس میں فرد جرم عائد

ملزمہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے صحت جرم سے انکار کردیا، گواہوں کو نوٹس جاری

انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات کا مقدمہ گزری تھانے میں درج کیا گیا تھا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

جنجال گوٹھ میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک، اہلکار زخمی

زخمی پولیس اہلکار کی شناخت 30 سالہ خرم کے نام سے ہوئی، ہلاک ڈاکو کی شناخت تاحال نہیں ہوسکی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

سائٹ ایریا کی گارمنٹس فیکٹری میں خوفناک آتشزدگی

12 فائر ٹینڈرز، 23 باؤزرز اور اسنارکل نے حصہ لیا، کولنگ جاری ہے، ریسکیو ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40



کراچی، امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان صومالی قزاقوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے سید کاشف عمر کی نماز جنازہ میں شریک ہیں



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سید زاہد علی مرحوم
چیف ایڈیٹر ظاہر ملک
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: حسین کمال)




امن کی راہیں، مسکراہٹیں بکھرنے لگیں

کبھی کبھی تاریخ کے بڑے دروازے کسی عظیم الشان معاہدے سے نہیں بلکہ ایک معمولی سی ملاقات، چند خوش گوار جملوں اور برسوں بعد دوبارہ قائم ہونے والے رابطے سے کھلتے ہیں۔ سفارت کاری کی دنیا میں ایسے لمحات بظاہر مختصر ہوتے ہیں، مگر ان کے اندر امکانات کی ایک طویل راہ پوشیدہ ہوتی ہے۔ اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کے قومی رابطہ کاروں کے اجلاس کے موقع پر پاکستانی وفد کے درمیان پیدا ہونے والا انسانی خوش گوار ماحول بھی اسی خوبصورت کاوش کا ایک لمحہ ہے۔ دو برس کے وقفے کے بعد کسی بھارتی وفد کی پاکستان آمد محض ایک انتظامی سرگرمی نہیں، بلکہ ایسے وقت میں رابطے کی بحالی کا اشارہ ہے جب دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات طویل عرصے سے سیاسی بداعتمادی اور سفارتی تعطل کے حصار میں ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات کی تاریخ یہ بتاتی ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان کشیدگی جتنی پرانی ہے، اتنی ہی پرانی یہ حقیقت بھی ہے کہ جغرافیہ دونوں کو ایک دوسرے سے الگ ہونے نہیں دیتا۔ سرحدیں سیاسی فیصلوں سے کھینچی جاسکتی ہیں، مگر دریا، پہاڑ، موسم، منڈیاں، جنہیں اثرات اور انسانی رشتے کی لکیر کے پابند نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب دو ہمسایہ ریاستوں کے درمیان برابر راست ڈائرکٹ کے حوالے سے تعطل کا شکار ہے تو بھی کثیر الجہتی اداروں کے اجلاس انھیں ایک میز کے گرد لا کھڑا کرتے ہیں۔ شنگھائی تعاون تنظیم کا فورم اسی اعتبار سے اہم ہے کہ یہاں باہمی اختلافات کو ٹکراؤ کے بغیر مشترکہ مفادات پر گفتگو کی گنجائش موجود رہتی ہے۔ اسلام آباد میں 28 سے 30 ستمبر تک ہونے والے قومی رابطہ کاروں کے اجلاس میں تنظیم کے آئندہ پروگراموں، رابطہ کاری، تجارت، ثقافت اور علاقائی تعاون جیسے موضوعات پر غور کیا گیا۔ پاکستان اس وقت ایس سی او کی سربراہی کر رہا ہے اور اس کی ترجیح دیرینہ کو عملی اقدام میں تبدیل کرنا، رابطہ کاری، جدت اور مشترکہ خوش حالی قرار دی گئی ہے۔ اس ترجیح میں دراصل اس پورے خطے کے مستقبل کا ایک اہم سوال پوشیدہ ہے کہ کیا ایشیا کے ممالک سیاسی اختلافات کے باوجود اقتصادی، تجارتی، ثقافتی اور سفارتی تعاون کے ایسے راستے پیدا کر سکتے ہیں جو خطے کو مسلسل محاذ آرائی کے بجائے مشترکہ ترقی کی طرف لے جائیں؟ اگر اس سوال کا جواب اثبات میں تلاش کیا جائے تو پاکستان اور بھارت کے درمیان رابطوں کی بحالی کو بھی اسی وسیع تر تناظر میں دیکھنا ہوگا۔ بھارتی ایس سی او تجارتی رابطہ کار آرلوک دیمری کا یہ کہنا کہ پاکستان کا پہلا دورہ کرکے انھیں خوشی ہوئی اور دونوں رابطہ کار آرلوک دیمری کا یہ کہنا کہ پاکستان کا پہلا دورہ کرکے انھیں خوشی ہوئی اور دونوں رابطہ کار آرلوک دیمری اور فیصل اکبوٹ اہم ہیں، بظاہر ایک معمولی سفارتی بیان معلوم ہوسکتا ہے، مگر علامتی سطح پر رابطے کی اہمیت کو سمجھنے والوں کے لیے اس میں ایک مختلف پہلو موجود ہے۔ ریاستی تعلقات اکثر بیانات، مذاکرات اور معاہدوں کی زبان میں بیان ہوتے ہیں۔



ڈیانا کیس: قانون کہاں ہے؟

مزاحمت



محمد عبیداللہ میرانی

ubaidullahmirani3341@gmail.com

تین ارب ڈالر کا پورو بانڈ: اعتماد کی بحالی یا قرض کا نیا بوجھ؟



تحریر: ظاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

روز بہ روز بڑھتی ہوئی مہنگائی



تحریر: اسلم محمود بلوی
سینئر تجزیہ کار

خیبر پختونخوا میں فیصلہ کن مرحلہ: تصادم، مذاکرات یا آئینی راستہ؟



تحریر: محمد انور عظیم خان
سینئر سیاسی و دفاعی رہنما

ٹیکنوکریٹ ڈی ایچ اے: پانی کے مستقل حل کی جانب پیش رفت



تحریر: عبدالرفیع صدیقی
سینئر تجزیہ کار

استاد معاشرے کا معمار اور قوم کے مستقبل کا حقیقی رہنما ہے: ڈاکٹر راشد علی خان

اغربت، مہنگائی و بیروزگاری کی بڑھتے سے جرائم بڑھ رہے، اسلم فاروقی

ترقیاتی کاموں میں دشواری کی بنیادی وجہ قبضہ گیری کی ہے۔ حاشر شر

اللہ پاک حقوق العباد اور کرنے والے کو پسند فرماتا ہے۔ سید افضل ندیم

نوتعتب پیپلز یوتھ سندھ کے عہدیداران کا بلاول بھٹو سے اظہار تشکر

پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی حقوق کی جنگ لڑی ہے۔ فہیم بہاری

بقیہ نمبر 01 اطلاعات

ناظم آباد میں ایس ایچ او خالد رفیق کی تعیناتی کے بعد گٹکا، منشیات، آئس اور دیگر جرائم کے خلاف پولیس کارروائیوں کے حوالے سے شہری حلقوں میں ایک مثبت تاثر سامنے آ رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ نوجوان نسل کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیس کی مؤثر اور مسلسل کارروائیاں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ پولیس افسر کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، قانون کی بالادستی اور میرٹ کے مطابق کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔ کسی بھی پولیس افسر کی کارکردگی کا حقیقی جائزہ محض دعووں سے نہیں بلکہ درج مقدمات، قانونی کارروائی، گرفتاریوں، برآمدگیوں اور شہریوں کے جائز مسائل کے حل جیسے قابل تصدیق شواہد کی بنیاد پر لیا جانا چاہیے۔ نئے ایس ایچ او کے لیے اصل چیلنج کیا ہے؟ تحقیقی مشاہدے کے مطابق کسی تھانے میں نئے ایس ایچ او کی تعیناتی کے بعد اسے صرف علاقے میں موجود جرائم کا سامنا نہیں ہوتا بلکہ تھانے کی انتظامی، افرادی اور وسائل سے متعلق مسائل بھی اس کی کارکردگی پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ اگر کسی تھانے میں بعض افسران یا اہلکار طویل عرصے سے ایک ہی حدود میں تعینات ہوں تو ان کی پوسٹنگ، ذمہ داریوں اور کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لینا بھی ضروری ہے۔ پولیس کی پوسٹنگ پالیسی پر مؤثر عملدرآمد سے نئے ایس ایچ او کو اپنی ٹیم کے ساتھ غیر جانبدارانہ انداز میں کام کرنے اور جرائم کے خلاف کارروائی کو مزید مؤثر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ مثبت تاثر کو مستقل عوامی اعتماد میں تبدیل کرنا ضروری قرار ایس ایچ او خالد رفیق کے حوالے سے سامنے آنے والے مثبت تاثر کو مستقل عوامی اعتماد میں تبدیل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہر کارروائی قانون، میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق ہو۔ کسی بھی شہری کے خلاف کارروائی ٹھوس شواہد اور قانونی تقاضوں کی بنیاد پر ہونی چاہیے، جبکہ بے گناہ شہریوں کو بلاجواز پریشانی سے بچانا بھی پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ یہی اصول پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کو مضبوط کرتے ہیں۔ آئی جی سندھ کی پالیسی اور جدید پولیسنگ آئی جی سندھ کی جانب سے کراچی میں جرائم، خصوصاً اسٹریٹ کرائم کے خلاف مؤثر کارروائی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر بھی زور دیا جاتا رہا ہے۔ ناظم آباد جیسے گنجان آباد علاقے میں پولیس شہریوں اور کمیونٹی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ جرائم کی بروقت نشاندہی اور روک تھام میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پولیس کے اعلیٰ حکام تھانوں میں نفری کی کمی، موبائل گاڑیوں کی دستیابی، وسائل اور طویل عرصے سے ایک ہی تھانے میں تعینات اہلکاروں کے معاملات کا بھی باقاعدگی سے جائزہ لیں۔ اگر نئے ایس ایچ اوز کو مؤثر ٹیم، مناسب نفری، موبائل اور ضروری وسائل فراہم کیے جائیں اور انہیں قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی کا مکمل موقع دیا جائے تو وہ اپنے علاقوں میں جرائم کی روک تھام کے لیے زیادہ مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں کا مطالبہ ہے کہ گٹکا، منشیات، آئس اور دیگر جرائم کے خلاف کارروائی محض وقتی مہم نہ ہو بلکہ اسے مستقل اور شفاف پولیسنگ کا حصہ بنایا جائے، تاکہ نوجوان نسل کو تباہی سے بچانے کے ساتھ ساتھ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ بھی یقینی بنایا جا سکے۔ سلام ان پولیس افسران اور اہلکاروں کو جو اپنی ذمہ داری کو عوامی خدمت سمجھ کر قانون کے مطابق فرائض سر انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

نے کراچی کو علیحدہ صوبہ بنانے اور سندھ میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور اس معاملے پر اتفاق رائے کا اظہار کیا۔ شرکا کا کہنا تھا کہ کراچی ملک کا معاشی حب ہے، اس لیے شہر کی ترقی، بہتر انتظامی نظام، بنیادی سہولیات اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ کانفرنس میں منہاج گلفام، جمیل احمد پراچہ، آصف گلفام، فیضان راوت، شیخ ارشاد، جاوید ارشاد، ماجد، ایوب مرزا، جاوید صدیقی، عمیر خان، سلمان رضوان، عالم منیر، آصف جی جا، جاوید شمس، وقاص عظیم، فرحان کے ذیلیوی، کاشف صلاحت، محمد اعظم، شاکر قیصی، بریگیڈیئر قرار حسین (ر) کاشف صبرانی، کاشف میدی، راشد علی، اسلام لال پوری، عرفان رضوان، خالد انصاف، منصور فراز، شریف میمن، حسین قریشی، حسین روی، یاسین قریشی، قیس منصور شیخ، شاہد بیلا، مرشد خان، ایس پی جہانگیر مغل، ارشد کم کم، عارف خان، یونس بچہ، جاوید قاریتی، عبدالغنی میمن، نعیم پکا، اصغر علی، خالد نور، عمران خان، اسد علی، فیصل احمد، ندیم دجیری، حسنین جعفری، انور غوری، فیاض ابوبکر، حنیر شیخ یوسف پاکستانی، محمد وسیم کامدی، منصور چوڑی والا، رانا منیر عمران جلا سجاد اور صادق علی سمیت دیگر معزز تاجروں اور مہمانوں نے شرکت کی۔ کانفرنس میں آنے والے تمام معزز مہمانوں اور شرکا کا فیروز علی کامدی، یوسف قریشی، محمد منہاج گلفام اور محمد اسلم خان نے پرتپاک استقبال کیا اور انہیں خوش آمدید کہا۔ مقررین نے کراچی کو درپیش مختلف مسائل، بالخصوص شہر کی ترقی، انفراسٹرکچر، صفائی، ٹریفک، امن و امان، بلدیاتی نظام اور تاجروں کو درپیش مشکلات پر بھی گفتگو کی۔ شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ کراچی کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام تاجروں اور اسٹیک ہولڈرز کو متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ کانفرنس کے شرکا نے کراچی کو صوبہ بنانے اور سندھ میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے مؤقف پر اتفاق کرتے ہوئے اس حوالے سے باہمی مشاورت اور جدوجہد جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا۔ آخر میں تمام شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کراچی کی بہتری، تاجروں کے حقوق، کاروباری طبقے کے مسائل کے حل اور شہر کے بہتر مستقبل کے لیے مشترکہ طور پر آواز بلند کی جاتی رہے گی۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

نے ٹال اسٹاپ سے سات نمبر تک روڈ پر قائم غیر ضروری یوٹرن ختم کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ان غیر ضروری یوٹرنز کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے اور شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ غیر ضروری یوٹرن سے حادثات کا خدشہ رہتا ہے۔ ان کی بندش سے نہ صرف ٹریفک کا نظام بہتر ہوگا بلکہ روڈ کو مزید خوبصورت اور سرسبز بنانے کے لیے شجرکاری بھی کی جائے گی۔ بعد ازاں چیئرمین نے سیکٹر F-11 میں زیر تعمیر روز گارڈن پارک کا بھی معائنہ کیا اور جاری کام پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ منصوبہ مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے تاکہ اسے جلد از جلد عوام کے لیے کھول دیا جائے۔ اس موقع پر محمد یوسف نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن کو صاف، سرسبز اور خوبصورت بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ ترقیاتی منصوبے صرف تعمیرات تک محدود نہیں بلکہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات، محفوظ ماحول اور معیاری تفریحی مقامات فراہم کرنا بھی ہماری ذمہ داری ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر محلے میں ایسے پارکس اور سڑکیں ہوں جن سے عوام کی زندگی آسان اور خوشگوار بنے، اور ہر منصوبہ شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کے ساتھ مکمل ہو۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

صورتحال کے پیش نظر، چیف ایگزیکٹو/چیئرمین شیخ اللہ سومرو نے یکم اکتوبر 2026 کو ایک خط لکھا جس میں انہوں نے انکشاف کیا کہ دریائے سندھ میں ٹی ڈی ایس کی سطح تشویشناک حد تک بڑھ گئی ہے۔ نتیجے کے طور پر، حیدرآباد اور خاص طور پر جامشورو اور کوٹری کے رہائشیوں کے لیے یہ پانی استعمال کے قابل (غیر محفوظ) نہیں رہا۔ مزید برآں، انہوں نے اپنے خط میں بتایا کہ غیاری شوگر مل، کینجھر جھیل اور لطیف آباد کا گندا پانی دریائے سندھ میں چھوڑا گیا ہے، جس سے پانی پینے کے لیے غیر محفوظ ہو گیا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر واٹر اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے متعلقہ علاقوں کے شہریوں کو یہ پانی فراہم کیا گیا تو اس سے معدے اور آنتوں کی بیماریاں، گردوں کے امراض، جلد کے مسائل اور ہیپاٹائٹس سمیت کئی بیماریاں پھیل سکتی ہیں۔ انہوں نے مزید تنبیہ کی کہ اگر صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو اس کے نتیجے میں کئی خطرناک بیماریاں پھیل سکتی ہیں۔ اب یہ دیکھنا باقی ہے کہ حکومت سندھ اور متعلقہ محکمے اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے کیا اقدامات اٹھاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

پذیرائی مل رہی ہے۔ موجودہ دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نوجوانوں کو ایک ہی مقام پر تعلیمی، تفریحی اور تخلیقی سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کے لیے یوتھ سینٹرز کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمود غزنوی پارک میں قائم ہونے والے یوتھ سینٹر میں ایئر کنڈیشنڈ لائبریری، ایکوزیشن سینٹر، فری وائی فائی، ان ڈور گیمز اور اوپن ایئر جم سمیت مختلف سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ نوجوانوں کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کے لیے بہتر ماحول میسر آ سکے۔ ڈاکٹر فواد احمد نے کہا کہ ٹاؤن انتظامیہ کی کوشش ہے کہ دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات اور ریلیف فراہم کیا جائے۔ گلشن اقبال میں نوجوانوں کے لیے سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ بنیادی شہری مسائل کے حل اور ترقیاتی کاموں پر بھی توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گلشن اقبال میں سڑکوں کی بحالی کے کاموں کا بھی آغاز کر دیا گیا ہے اور مرحلہ وار مختلف علاقوں کی سڑکوں کی تعمیر و بحالی عمل میں لائی جا رہی۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

معاشرے کے زوال کی ایک بڑی وجہ ہے۔ جو قوم اپنے اساتذہ اور والدین کا احترام کرتی ہے، وہی حقیقی معنوں میں ترقی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ نئی نسل کی کردار سازی اور بہتر مستقبل کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کا احترام ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ روبی ویلفیئر ٹرسٹ کی چیئرپرسن محترمہ روبی افضال نے بھی اساتذہ کی خدمات کو سراہتے ہوئے تعلیم کے فروغ اور معاشرے کی بہتری کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ ایجوہب پبلک اسکول کھوکھراپار کے پرنسپل اسلم قریشی مقرر ہی نے معزز مہمانان گرامی زاہد رحیم، روبی ویلفیئر ٹرسٹ کی چیئرپرسن محترمہ روبی افضال اور دیگر شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسکول میں تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبہ و طالبات کی غیر نصابی سرگرمیوں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے میں مثبت اور مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ تقریب کے اختتام پر اساتذہ کرام کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور ان میں یادگاری سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

محمد، چیئرمین پاکستان آلٹرنیٹو میڈیکل فیکلٹی ڈاکٹر شبیر احمد، رجسٹرار پاکستان آلٹرنیٹو میڈیکل فیکلٹی ڈاکٹر افضل خان، رجسٹرار KAMF،APD ڈاکٹر صولت عسکری، وائس چیئرمین KAMF،APD ڈاکٹر شجاع صفیر خان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر APD ڈاکٹر شیخ دانش، فاؤنڈر ممبر A P D ڈاکٹر نصیر سلیم نساکہ نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر ڈائریکٹر اے پی ڈی ڈاکٹر عمر ذیشان کی جانب سے ملک بھر سے آنے والے ڈاکٹرز کی خدمات کے اعتراف میں ان میں اعزازی میڈلز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ شرکا نے سیمینار کے کامیاب انعقاد پر ڈاکٹر عمر ذیشان اور ان کی پوری ٹیم کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

بچوں اور بیمار افراد کو اذیت کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں نے غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شدید گرمی اور حبس کے موسم میں مسلسل 12 سے 14 گھنٹے بجلی غائب رہنا کے۔ الیکٹرک کی بدترین انتظامیہ اور غفلت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ متعدد بار شکایات درج کروانے کے باوجود کے۔ الیکٹرک حکام کی جانب سے اب تک کوئی مثبت پیش رفت نہیں ہوئی اور نہ ہی اس طویل تعطل کی کوئی معقول وجہ بتائی جاتی ہے۔ اہل علاقہ نے کے۔ الیکٹرک کے اعلیٰ حکام اور نیپرا (NEPRA) سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ اس غیر انسانی اور طویل لوڈشیڈنگ کا خاتمہ ممکن بنایا جا سکے اور علاقہ مکینوں کو سکون کا سانس نصیب ہو۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

انفرادی طور پر یا ٹیموں کی صورت میں حصہ لے سکیں گے۔ منتظمین کے مطابق مقابلوں میں شفاف اور منصفانہ طریقہ کار کے تحت ججز کی جانب سے جانچ کی جائے گی، جبکہ خصوصی افراد اور خصوصاً معذوری کے حامل شرکا کے لیے خصوصی رعایت بھی رکھی گئی ہے۔ شرکا کو حاصل کردہ اسکور کے مطابق میڈلز دیے جائیں گے۔ 90 سے 100 فیصد اسکور پر گولڈ، 80 سے 89 فیصد پر سلور جبکہ 70 سے 79 فیصد اسکور پر برونز میڈل دیا جائے گا۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ چیمپئن شپ کا مقصد پاکستان میں کلری پائیٹس کو فروغ دینا، ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی کرنا اور شرکا کو اپنی تخلیقی و پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد 0333-8555725 پر رابطہ کر کے رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ منتظمین نے شیفس اور کلری شعبے سے وابستہ افراد کو دعوت دی ہے کہ وہ Display Your Talent کے جذبے کے ساتھ اس کلری جشن کا حصہ بنیں۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

سماجی شخصیات کی جانب سے حاجی ناصر خان ترک کو دلی مبارکباد پیش کی جا رہی ہے اور ان کے ہونہار نواسے کی لمبی عمر، مزید کامیابیوں اور ہر امتحان میں سرخرو ہونے کے لیے خصوصی دعاؤں سے نوازا جا رہا ہے۔ یقیناً یہ کامیابی حاجی ناصر خان ترک کی بہترین تربیت اور خاندانی اقدار کا نتیجہ ہے ماشاءاللہ حاجی ناصر خان ترک کے نواسے محمد شیخ نے جدہ اسکول میں بیسٹ اسٹوڈنٹ ایوارڈ حاصل کر کے خاندان کا نام روشن کر دیا ناصر برادری کی جانب سے مبارکباد اور نیک تمناؤں کا اظہار۔

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

نتائج پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم تجاوزات شہریوں اور ٹریفک کی روانی کے لیے سنگین مسائل پیدا کر رہی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مین شاہراہوں، مصروف سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر ہوٹل، سینکڑوں یا چائے خانوں کے قیام کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اجلاس میں ٹریفک کی راہ میں رکاوٹ بننے والے چائے خانوں کو منظم کرنے کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ فیصلہ کیا گیا کہ ہر ٹاؤن اور یونین کونسل کی سطح پر مناسب اوپن اسپیس کی نشاندہی کی جائے گی اور ٹاؤن کونسلز کی مشاورت سے مخصوص مقامات پر چائے خانوں کو اجازت نامے جاری کرنے کا طریقہ کار وضع کیا جائے گا۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام ٹاؤن کونسلز سے فوری طور پر تجاویز طلب کی جائیں تاکہ شہری سہولت، ٹریفک کی روانی اور کاروباری سرگرمیوں کے درمیان متوازن حکمت عملی اختیار کی جا سکے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع کورنگی میں ینگسٹن بائی وے، جناح اسکوائر، کورنگی کراسنگ، کالا بورڈ، قیوم آباد اور دیگر علاقوں میں 31 انسداد تجاوزات آپریشنز کیے گئے۔ ضلع وسطی میں مجاہد کالونی، رضویہ، حسین آباد، کریم آباد اور بفرزون سمیت مختلف علاقوں میں 16 کارروائیاں کی گئیں، جبکہ ضلع شرقی میں صفورہ چورنگی، محمود آباد روڈ، طارق روڈ، یونیورسٹی روڈ اور دیگر مقامات پر 13 آپریشنز کیے گئے۔ اسی طرح ضلع کیماڑی میں غازی ٹاؤن، گلشن روی، کھائی مارکیٹ اور لیمر پالٹ برج کے اطراف 5 آپریشنز، ضلع جنوبی میں کلفٹن، صدر، رینگل چوک، عبداللہ ہارون روڈ اور ڈی ایچ اے سمیت مختلف علاقوں میں 36 کارروائیاں جبکہ ضلع غربی میں سبزی چوک، اردو چوک، بنارس فلائی اوور، سرجانی اور قصبہ روڈ پر 9 انسداد تجاوزات آپریشنز کیے گئے۔ اجلاس میں سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر غیر قانونی طور پر رکھی گئی ہوٹلوں کی کرسیاں، میزیں اور دیگر سامان ہٹانے کے لیے کی جانے والی کارروائیوں کی تفصیلات بھی پیش کی گئیں۔ مختلف اضلاع میں متعدد ہوٹل سیل اور ڈی سیل کیے گئے جبکہ سینکڑوں کرسیاں، میزیں اور دیگر سامان ضبط کیا گیا۔ کمشنر کراچی نے تمام ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ تجاوزات کے خاتمے، ٹریفک کی روانی کی بحالی اور شہریوں کو بہتر سہولتوں کی فراہمی کے لیے کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے اور مستقل نگرانی کا مؤثر نظام قائم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

علمی، تربیتی اور اخلاقی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ معاشرے کی تعمیر و ترقی میں ان کے کلیدی کردار کو اجاگر کرنا تھا۔ اس موقع پر شعبہ تعلیم، خصوصی تعلیم، ریاضی، ابلاغ عامہ اور دیگر شعبہ جات کے اساتذہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ استاد محض علم کی منتقلی کا ذریعہ نہیں بلکہ طلبہ کی شخصیت اور کردار سازی کے ساتھ ان کے مستقبل کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ مقررین نے اساتذہ کے احترام، ان کے مقام و مرتبے اور تعلیمی اداروں میں استاد اور طالب علم کے درمیان مثبت اور باہمی احترام پر مبنی تعلق کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ انچارج شعبہ تعلیم جامعہ کراچی ڈاکٹر عزیز النساء نے کہا کہ مضبوط، باشعور اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ایک باصلاحیت، باکردار اور پرعزم استاد رکھتا ہے۔ اساتذہ نئی نسل کو محض کتابی علم فراہم نہیں کرتے بلکہ انہیں سوچنے، سوال کرنے، مسائل کا حل تلاش کرنے اور معاشرے کا ذمہ دار شہری بننے کی صلاحیت بھی عطا کرتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنے اساتذہ کا احترام کریں اور ان سے حاصل ہونے والے علم و تربیت کو معاشرے کی بہتری اور فلاح کیلئے بروئے کار لائیں۔ مشیر امور طلبہ شعبہ تعلیم جامعہ کراچی ڈاکٹر معروف بن رؤف نے کہا کہ استاد قوموں کے مستقبل کا معمار ہوتا ہے اور اس کے الفاظ، رویے اور تربیت نسلوں کی شخصیت پر دیرپا اثرات مرتب کرتے ہیں۔ موجودہ دور میں استاد کا کردار مزید وسیع اور اہم ہو گیا ہے، اس لیے کامیاب استاد کیلئے علمی قابلیت کے ساتھ ٹیکنالوجی، تنقیدی سوچ، اخلاقی تربیت اور طلبہ کی نفسیاتی ضروریات کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ انہوں نے طلبہ کو تلقین کی کہ وہ اپنے اساتذہ کی محنت اور رہنمائی کی قدر کریں اور تعلیم کو محض ذاتی کامیابی کے بجائے معاشرتی خدمت کا ذریعہ بنائیں۔ اس موقع پر طلبہ و طالبات نے بھی اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کے احترام کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ طلبہ نے ہاتھوں میں خصوصی بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر اساتذہ کی تکریم، مقام و مرتبے اور معاشرے کیلئے ان کی خدمات کو اجاگر کرنے والے مختلف پیغامات درج تھے۔ اساتذہ اور طلبہ و طالبات کی بھرپور شرکت کے باعث واک ایک بامقصد سرگرمی ثابت ہوئی۔ تقریب کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ اساتذہ کے احترام، تعلیمی اقدار کے فروغ، طلبہ کی مثبت تربیت اور معیاری تعلیم کیلئے شعبہ تعلیم کی جانب سے ایسی مثبت اور بامقصد سرگرمیوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

اطلاعات پیپلز پارٹی ویمن ونگ انیلا انصاری، ایلیٹ چینلس کے لیاقت علی شیخ، بلوچستان سے چنگیز خان، جاوید زمان، مسٹر ٹی آر کے اسپورٹس کے صدر رئیس خان، ارم فوا، راشد حسن، تحفہ عقیل، رہ طمہ خلمان، ڈرین امام، ایم ای ایف کے صدر فرحان ذکریا، ویلس سے عرش، سماٹی وی سے زارا اور سائرہ سمیت دیگر شخصیات شریک ہوئیں۔ تقریب میں 80 کی دہائی کے رنگا رنگ ماحول اور اس دور سے وابستہ یادوں کو اجاگر کیا گیا۔ شرکا نے تقریب کے موضوع کے مطابق لباس اور انداز اپنایا جبکہ موسیقی، فیشن اور اس دور کی مخصوص ثقافتی یادوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے ایک دوسرے سے ملاقات اور خوش گپیوں میں مصروف رہے۔ "80s کا چسکا" کی میزبانی اور انعقاد میں لبنیٰ مدثر، مدثر احمد، عماد، مدیحہ، سمرین عمران اور ثانیہ نے اہم کردار ادا کیا۔ منتظمین کی کاوشوں سے تقریب شرکا کیلئے ایک یادگار اور خوشگوار شام ثابت ہوئی۔ تقریب کے دوران مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایک دوسرے سے ملاقات، سماجی روابط کے فروغ اور 80 کی دہائی کی موسیقی، فیشن اور یادگار ماحول سے لطف اندوز ہونے کا موقع بھی فراہم کیا گیا۔

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

خستہ حال سڑکوں اور بنیادی شہری سہولتوں کی کمی کا سامنا کر رہے ہیں، اس لیے اہم شاہراہوں کی تعمیر و بحالی عوامی ضرورت اور وقت کا تقاضا ہے۔ اس سال بعد سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا عملی آغاز شہریوں کیلئے مثبت پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے تمام علاقوں میں بلاامتیاز ترقیاتی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھنا پاکستان پیپلز پارٹی کی شہری ترقی اور عوامی خدمت کی پالیسی کا اہم حصہ ہے۔ پیپلز پارٹی کی قیادت اور میئر کراچی دستیاب وسائل کو کراچی کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ترقیاتی منصوبوں میں بروئے کار لا رہے ہیں۔ ترجمان میئر کراچی نے کہا کہ کراچی کی تعمیر و ترقی، شہری بنیادی ڈھانچے، سڑکوں، پانی، سیوریج، پارکس اور دیگر بلدیاتی سہولتوں پر توجہ دی جا رہی ہے۔ کراچی جیسے بڑے اور گنجان آباد شہر کی ضروریات وسیع ہیں، اس لیے ترقیاتی منصوبوں میں تسلسل برقرار رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی کی ترجیحات

کراچی میں تجاوزات اور روڈ سائیڈ ہوٹل سیٹنگز کیخلاف کارروائیاں ناکافی — کمشنر حسن نقوی برہم

مین شاہراہوں اور فٹ پاتھوں پر چائے خانوں و ہوٹل سیٹنگز کی اجازت نہیں ہوگی، متبادل اوپن اسپیسز کی نشاندہی کا فیصلہ

تمام اضلاع میں انسداد تجاوزات آپریشنز کی کارکردگی کا جائزہ، ٹریفک کی روانی اور شہری سہولتوں کو ترجیح دینے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کا ہفتہ وار اجلاس ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11





دریائے سندھ میں ٹی ڈی ایس کی سطح 940 ملی گرام فی لیٹر تک پہنچ گئی

پانی کے معیار میں خرابی کے باعث، حیدرآباد اور اس کے ملحقہ علاقوں میں یہ پانی پینے کیلئے غیر محفوظ قرار

اپنے خط میں بتایا کہ ملیاری شوگر مل، منچھر جھیل اور لطیف آباد کا گندا پانی دریائے سندھ میں چھوڑا گیا ہے

حیدرآباد (رپورٹ: غلام حسین) دریائے سندھ میں ٹی ڈی ایس (TDS) کی سطح 940 ملی گرام فی لیٹر تک پہنچ گئی ہے۔ پانی کے معیار میں خرابی کے باعث، حیدرآباد اور اس کے ملحقہ علاقوں میں یہ پانی ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

کراچی میں 80 کی دہائی کی یادوں سے سجی "80s کا چسکا" تقریب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

آئی جی سندھ ہو تو جاوید عالم اوڈھو جیسا ہو، جرائم و منشیات سے گھری عوام کے جذبات

ان کی انتھک کاوشیں ہی یہ واضح پیغام دیتی ہیں کہ سندھ منشیات سے پاک ضرور ہوگا

سخت پولیسنگ سسٹم نوجوان نسل کو منشیات سے محفوظ بنانے کے لیے ہر وقت پر عزم ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

جامعہ کراچی میں عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر آگاہی واک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

صوبہ بنانا وقت کی ضرورت ہے فیروز علی کمدی

آل تاجران کانفرنس میں کراچی کو صوبہ بنانے اور سندھ میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام پر اتفاق

معروف و ممتاز تاجروں، کاروباری شخصیات اور معزز مہمانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

ترقیاتی منصوبوں میں تسلسل برقرار رکھنا ضروری ہے — کرم اللہ وقاصی

اہم شاہراہوں کی تعمیر و بحالی عوامی ضرورت اور وقت کا تقاضا ہے۔ دس سال بعد سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا عملی آغاز شہریوں کیلئے مثبت پیش رفت ہے

کراچی کی تعمیر و ترقی، سڑکوں، پانی، سیوریج، پارکس اور دیگر بلدیاتی سہولتوں پر توجہ دی جا رہی ہے، مسجد حسنات پارک کی تعمیر آخری مراحل میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14



استاد ہمارا فخر اور ایسا سرمایہ ہیں جس کی قدر کبھی کم نہیں ہو سکتی — سید سردار علی شاہ

ہر دن استاد کی عزت و تکریم کا دن ہے، تاہم عالمی یوم اساتذہ ہمیں یہ یاد دہانی کراتا ہے کہ تعلیم کے ہر کامیاب سفر کے مرکز میں ایک استاد ضرور موجود ہوتا ہے

آج استاد بچوں کو وہ باتیں بھی سکھا رہا ہے جو ماضی میں والدین کی ذمہ داری سمجھی جاتی تھیں، نمایاں کارکردگی دکھانے والے اساتذہ میں ایوارڈز اور شیلڈز تقسیم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

گلشن اقبال میں ایک اور یوتھ سینٹر کا سنگِ بنیاد رکھ دیا گیا

ایئر کنڈیشنڈ لائبریری، انکیوبیشن سینٹر، فری وائی فائی، ان ڈور گیمز اور اوپن ایئر جم کی سہولت میسر ہوگی

گلشن اقبال میں سڑکوں کی بحالی کے کاموں کا بھی آغاز کر دیا گیا، ڈاکٹر فواد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کیلئے ڈیڈ لائن مقرر کی جائے — مرتضیٰ وہاب

پورے شہر میں ترقیاتی کام جاری ہیں اور انہیں مقررہ مدت میں مکمل ہونا چاہیے، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے ساتھ کاموں کی بہتر فنشنگ پر بھی خصوصی توجہ دی جائے

ترقیاتی منصوبوں میں معیار ہر صورت برقرار رکھا جائے، سڑکوں کی بحالی کے ساتھ اسٹریٹ لائٹس کی مرمت پر بھی توجہ دی جائے، غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں ہوگی، میئر کراچی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن کا یوسی 10 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

سیکٹر F-11 میں زیر تعمیر پارک میں رنگ و روغن و تعمیراتی کام کا معائنہ

نالہ اسٹاپ سے سات نمبر تک روڈ پر غیر ضروری یوٹرن ختم کرنے کا فیصلہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ایوسینا پبلک اسکول میں تقریب

استاد اور والدین کا احترام نہ ہونا معاشرے کے زوال کا سبب ہے، زاہد رحیم

ایوسینا پبلک اسکول کھوکھراپار میں پروقار تقریب، اساتذہ میں یادگاری سرٹیفکیٹس تقسیم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے یونین کونسل نمبر 10 سیکٹر F-11 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر رہے ہیں



گلشن اقبال ٹاؤن کے چیئرمین ڈاکٹر فواد احمد نے محمود غزنوی پارک، یوسی 08- میں ایک اور یوتھ سینٹر کا سنگِ بنیاد رکھ رہے ہیں

برنس روڈ پر مجوزہ فوڈ اسٹریٹ کیخلاف علاقہ مکین متحرک — عدالتی احکامات کے نفاذ کا مطالبہ

برنس روڈ کے عوام کسی بھی ایسی سرگرمی کی مخالفت کریں گے جس کے نتیجے میں سڑکوں، فٹ پاتھوں یا گلیوں پر تجاوزات قائم ہوں یا ٹریفک کی روانی متاثر ہو

رہائشیوں کا چیف سیکریٹری سندھ، میئر کراچی، کمشنر کراچی اور دیگر حکام کو نوٹس، سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر دوبارہ تجاوزات کی اجازت نہ دینے کی اپیل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



APD کے زیر اہتمام گلوبل ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن ایوارڈز سیمینار

تقریب کا مقصد شعبہ صحت میں نمایاں خدمات انجام دینے والے معالجین کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرنا تھا

مہمان خصوصی معروف سماجی و سیاسی رہنما حاجی عبدالکبیر کاکڑ تھے، جنہوں نے اپنے خطاب میں اے پی ڈی کی کاوشوں کو سراہا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

کراچی میں چوتھی کلنری چیمپئن شپ و اچیومنٹ ایوارڈز 11 اکتوبر کو ہوگی

کھانے پکانے کے شوقین افراد کو اپنی فنی صلاحیتوں اور تخلیقی مہارتوں کے اظہار کا موقع فراہم کیا جائے گا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

یرغمال پاکستانی شہریوں کی رہائی کیلئے موثر اقدامات نہیں کیے گئے — منعم ظفر خان

ریاست کی ذمہ داری ہے کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات اور وطن واپس نہ پہنچنے والوں کو فوری پاکستان لایا جائے، میڈیا سے گفتگو

منعم ظفر خان کی صومالی قزاقوں کی فائرنگ سے شہید کاشف عمر کی نماز جنازہ میں شرکت، اہل خانہ و لواحقین سے ملاقات و اظہار تعزیت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

نارتھ ناظم آباد بلاک L میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، مکین شدید مشکلات کا شکار

بچوں کی اسکول روانگی، دفاتر کی تیاری اور پانی کی فراہمی جیسے بنیادی گھریلو امور شدید متاثر ہوتے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے ہر ممبر کو اظہار رائے کی آزادی ہے، ملک خدا بخش

الیکٹرک وہیکلز کا فروغ نہ صرف پیٹرول اور بجلی کے بڑھتے اخراجات کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا

میڈیا کے اعزاز میں انور کمال کے عشائیہ میں ملک شیر خان، طارق حسن اور دیگر کی شرکت

حاجی ناصر خان ترک کے نواسے محمد شیخ بیسٹ اسٹوڈنٹ قرار

کم عمری میں بہترین کارکردگی اور خوش اخلاقی پر اسکول انتظامیہ نے خصوصی ایوارڈ سے نوازا

کراچی کی تاجر برادری اور سماجی شخصیات کی حاجی ناصر خان ترک کو دلی مبارکباد



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ولایت آباد نمبر ایک میں صفائی کی صورتحال ابتر، شہری پریشان

کچرے کے ڈھیروں سے بدبو اور مچھروں کی بہتات، ڈینگی و ملیریا پھیلنے کا خدشہ

صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے متعلقہ یونین کونسل سے دوبارہ صفائی کی درخواست کی گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

واٹر کارپوریشن ملازمین کی تنخواہوں میں کٹوتی، یونائیٹڈ ورکرز یونین کا تحقیقات کا مطالبہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

ٹیکسوں کے بوجھ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، شاداب رضا نقشبندی

حکومت دعووں کے بجائے عملی اقدامات کرے، عوام کو ریلیف اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے

جمہوریت کی مضبوطی آئین کی بالادستی، قانون کی مساوی حکمرانی اور عوامی فلاح سے مشروط ہے، سربراہ سنی تحریک

میر رضا کیس، تفتیشی افسر کے بیان سے قبل سربراہ جوڈیشل کمیشن کا جائے وقوعہ کا دورہ

نئے وی سی نے جامعہ کراچی کی بحالی و بچت کیلئے کلیہ جاتی کمیٹیاں قائم کر دیں

سولر انرجی کے استعمال، مرمت، تزئین و آرائش اور دیگر کا جائزہ لے کر سفارشات پیش کریں گی

فوری مرمت، تزئین و آرائش، بحالی یا تعمیر نو کی ضرورت ہو اور ضروری ترجیحات مقرر کرنا بھی ہوگی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

کراچی پورٹ پر 24 گھنٹوں میں 2 لاکھ 20 ہزار 680 ٹن کارگو ہینڈل

ایک لاکھ 35 ہزار 715 ٹن درآمدی اور 84 ہزار 965 ٹن برآمدی کارگو شامل، 15 جہاز برتھ اور 11 روانہ ہوئے



ڈاکٹر عمر زمان کی جانب سے گلوبل ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن ایوارڈ 2026 کے سلسلے میں ایک پروقار سیمینار میں لی گئی مختلف تصاویر



امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان صومالی قزاقوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے سید کاشف عمر کی نماز جنازہ میں شرکت کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں